



"وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً"

[لقمان :20]



## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

اور ہم قرآن میں سے جو نازل کر رہے ہیں وہ مومنوں کے لئے تو شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کو تو وہ خسارے ہی میں بڑھاتا ہے۔

الاسراء:82

دعائیں

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

اور ہم قرآن میں سے جو نازل کر رہے ہیں وہ مومنوں کے لئے تو شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کو تو وہ خسارے ہی میں بڑھاتا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ

شِفَاءٌ

وَّرَحْمَةٌ

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

# شفا کی دعائیں

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک قبیلہ جنھوں نے کچھ مسافر صحابہ رضی اللہ عنہم کی مہمانی سے انکار کر دیا تھا، اتفاق سے اس قبیلہ کے سردار کو سانپ نے ڈس لیا، وہ لوگ اپنی ساری کوشش کے بعد صحابہ کے پاس دم کی درخواست لے کر آئے، ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے تیس بکریوں کی شرط پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تو وہ بالکل تندرست ہو گیا

اسی طرح خارجہ بن صلت رضی اللہ عنہ کے چچا نے سفر کے دوران ایک قبیلے کے لوہے کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے ایک پاگل کو سورۃ فاتحہ کے ساتھ دم کیا تو وہ تندرست ہو گیا اور ان لوگوں نے انھیں سو بکریاں دیں


رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”(بکریاں) لے لو، مجھے اپنی عمر کی قسم! جس نے باطل دم کے ساتھ کھایا (وہ کھاتا رہے) بلاشبہ یقیناً تو نے حق دم کے ساتھ کھایا ہے۔“

## قرآن کو شفا کہا گیا ہے دوا نہیں کہا گیا

قرآن مجید ہر قسم کی دلی اور جسمانی، دنیاوی واخروی بیماریوں کا مکمل علاج ہے

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.



## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اے لوگو! یقیناً تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت آچکی ہے اور جو کچھ سینوں میں ہے اس کے لئے شفا ہے اور مومنوں کے لئے سراسر ہدایت اور رحمت ہے۔

یونس:57

# شفا کی دعائیں

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ

مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ

وَهُدًى

وَّرَحْمَةٌ

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

# شفا کی دعائیں

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

### چار صفات

مَّوۡعِظَةٌ

وَشِفَآءٌ

وَهُدًى

وَرَحۡمَةٌ

یہ کتاب انتہائی درجے کی نصیحت، شفا، ہدایت اور رحمت والی ہے، گویا یہ اہل ایمان کے لیے سراسر نصیحت، شفا، ہدایت اور رحمت ہے

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

مَّوۡعِظَةٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ

مَّوۡعِظَةٌ

ایسی نصیحت کو کہتے ہیں جو انسان کی توجہ دنیا کی مشغولیت سے ہٹا کر اللہ کی یاد اور آخرت کے دن کی طرف متوجہ کرے

کسی کام سے منع کرنا، جس کے ساتھ ڈرانا بھی شامل ہو، ایسی نصیحت جو دلوں پر اثر کرے

# شفا کی دعائیں

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ

وَشِفَآءٌ

قرآن سینے کی بیماریوں کے لئے شفا ہے

ان وسوسوں، خیالات اور برے ارادوں کو ختم کر دینے والا ہے جو شیطان دل میں ڈالتا ہے

گمراہی سے ہدایت

بیماری سے شفا ہے کیونکہ اس میں برکت ہے

شک، تکبر، حسد، نفاق، بغض، ھم و غم جیسی بیماریوں کے لیے شفا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
تم دو شفاؤں کو لازم پکڑو: ایک قرآن اور دوسری شہد۔

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

### وَهُدًى

### قرآن میں ہدایت اور نور ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آگاہ رہو اے لوگو! میں ایک انسان ہوں، قریب ہے کہ میرے رب کا بھیجا ہوا میرے پاس آئے تو میں اسے قبول کروں اور میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ان میں سے پہلی اللہ کی کتاب ہے، جس میں ہدایت اور نور ہے تو تم اللہ کی کتاب کو پکڑے رکھو اور اس کے ساتھ مضبوطی سے جڑے رہو اور آپ نے اللہ کی کتاب پر بہت زور دیا اور اس کی خوب رغبت دلائی، ۔ پھر آپ نے فرمایا (دوسری چیز) میرے اہل بیت ہیں، میں تم لوگوں کو اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تم لوگوں کو اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں، میں تم لوگوں کو اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں۔ [صحیح مسلم: 6378]

## شفا اللہ کے ہاتھ میں ہے

وَّرَحْمَةٌ

## اللہ کی رحمت بڑی وسیع ہے

لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ

اللہ کی رحمت اسے ملتی ہے جسے اللہ دینا چاہتا ہے

وَاللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ

